# ہندوستان میں تقویٰ بینکنگ کی شاخوں کے قیام کے لیے ہدایات

اشاعت اوّل - اکتوبر، ۲۰۱۵ء

# فہرست عنوانات


| | | |
|---|---|---|
| 1- | تقویٰ سائن بورڈ : Taqwa Sign Board | 3 |
| 2- | اسلامی بینکنگ کا تصور : | 4 |
| 3- | بورڈ آف ڈائریکٹرس : | 8 |
| 4- | شریعہ کا مشاورتی بورڈ : | 8 |
| 5- | مصنوعات اور خدمات : | 8 |
| 6- | انٹرنیٹ/آن لائن بینکنگ : | 19 |
| 7- | شریعہ کے اصول : | 19 |
| 8- | TFL فیس کی تفصیل : | 21 |
| 9- | اتصالات اور خدمات : (Links & Services) | 23 |


☆☆☆☆

## 1- تقویٰ سائن بورڈ Taqwa Sign Board

تقویٰ سائن بورڈ، کے نمونے، جو ہندوستان کے تمام شہروں میں لگائے جائیں گے، مندرجہ ذیل ہیں۔

طرز (الف) Type-A




طرز : (ب) Type-B

یہ سائن بورڈ ریاستی زبان اور انگریزی زبان میں ہوگا۔ مثلاً




طرز : (ج) Type - C

لوگو کمپنی کی دستاویز میں استعمال کیا جائے گا۔



## 2- اسلامی بینکنگ کا تصور (Concept of Islamic Banking)

اسلامک بینکنگ کا تصور خرید وفروخت کا ہے اور تقویٰ نے بحیثیت ایک معاون کے کمپنی کو KSC ایکٹ (1960) کے تحت رجسٹرڈ کرایا ہے، جس کا نمبر 41603/2015-16 ہے۔ یہ کمپنی ہندوستان میں ۳۰ سال کی بینکنگ تجربہ کی سخت جدوجہد کے بعد وجود میں آئی ہے۔ کمپنی کا رجسٹر شدہ نام ''تقویٰ کریڈٹ کوآپریٹو سوسائٹی لمیٹڈ'' ہے جس کو آگے ''تقویٰ'' کے نام سے لکھا جائے گا۔

تقویٰ نے اسلامی مالیاتی خدمات اور تجارتی سرگرمیوں کو مؤثر بنانے کے لیے اپنا ایک صدر دفتر اور اس کی شاخ ۴/۱۷کتوبر ۲۰۱۵ء کو بھٹکل میں قائم کی گئی ہے۔ یہ ایک پہلا مثالی اسلامک بینکنگ کا نمونہ ہوگا۔ یہ 50 کروڑ روپے کے طے شدہ سرمایہ سے شروع ہوا ہے، یہ پورے ملک ہندوستان میں کام کرے گا۔ اس کے ہر ایک شیئر کی قیمت -/1000 روپے ہوگی۔ اگر مزید ضرورت ہوئی تو اضافے کی کوئی حد مقرر نہیں ہوگی۔

تقویٰ بینکنگ میں شیئر ہولڈرس کی رکنیت کے کم سے کم شیئرس (Rs.2000/-) ایک عام شیئر ہولڈر کے لیے ہے جس میں ووٹنگ کا حق نہیں ہوگا۔ اور کم از کم 25 شیئرس (Rs.25,000/-) ووٹنگ کے حق کے لیے اور زیادہ سے زیادہ 1000 شیئرس (Rs,10,00,000/-) ہے تاکہ متوقع منافع کو زیادہ سے زیادہ لوگوں کے درمیان تقسیم کیا جاسکے۔

تقویٰ کا ہدف ہندوستان کے مختلف حصوں میں بلا کسی امتیاز کے اسلامک بینکنگ کے مواقع فراہم کرنا ہے جو آفس یا شاخ کی شکل میں ہوگا۔ یہ موقع اس لیے فراہم کیا گیا ہے تاکہ اس نظام کے تحت لوگ اپنے اپنے علاقوں میں تقویٰ کے آفس یا شاخ قائم کریں اور تقویٰ کے تحت کام کرنے والوں کو دونوں قسم یعنی قانونی اور پیشہ ورانہ رہبری کی جائے تاکہ وہ مثالی اسلامی بینکنگ کے ماڈل کو قائم کریں جس کے تحت جس علاقے کے لوگوں سے فنڈ حاصل کیا جائے وہ فنڈ تقویٰ کے نظام کی شرائط کے مطابق اسی علاقے میں اقتصادی ترقی کی بحالی کے لیے استعمال ہوگا۔ ہر کمیونٹی اپنی کمیونٹی کی رقومات خود ہی مینیج Manage کریں گی۔ اس کے لئے خواہش مند حضرات تقویٰ ہیڈ آفس بھٹکل سے رابطہ قائم کریں اور کم سے کم لوازمات مکمل کرلیں جو مندرج ذیل ہیں:

1.1 تقویٰ آفس کے ماڈل کا قائم کرنا جس کے لیے پبلک سے ایک کروڑ سے 10 کروڑ تک کا فنڈ اکھٹا کیا جائے۔

1.2 کسی شہر میں تقویٰ کی شاخ قائم کرنا ہو تو TFL کے ساتھ ایک سروس لیول ایگریمنٹ پر دستخط کرنا ہوگا۔

1.3 کمیونٹی کی جنرل میٹنگ میں گیارہ رکنی (کوآپریٹو سوسائٹی ایکٹ کے مطابق) مشاورتی بورڈ کی

تشکیل کرنا ہوگا ، جس میں ایک چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ یا اس کے مساوی قابلیت کے حامل شخص کا انتخاب کیا جائے۔

1.4 ایک آفس کا قیام جس کا رقبہ کم سے کم 1000 مربع فٹ ہو جس میں درج ذیل سہولتیں ہوں :

i) 4 اسٹاف بینکنگ کے کاؤنٹر پر گاہکوں کو اپنی خدمات دیں۔

ii) 4 کمپیوٹر یا لیپ ٹاپ۔

iii) آفس کی ضرورتوں کے مطابق اسلامک بینکنگ سافٹ ویئر فراہم کرنا۔

iv) فرنیچر اور بشری وفطری ضرورتوں کے لیے مناسب انتظام کرنا۔

1.5 تقویٰ کی تصریحات کے مطابق ایک معیاری سائن بورڈ کا انتظام کرنا تاکہ مارکیٹ میں کمپنی کی نمائندگی ہو۔

اوپر دی گئی مطلوبہ اشیاء اور شرائط کی تکمیل پر تقویٰ ذیل کی آسانیاں فراہم کرے گا۔

2.1 آفس گاہک کے ریکارڈ کو سلسلے وار مکمل رکھنے کے لیے اسلامک کور بینکنگ سافٹ ویئر مہیا کرنا۔ تاکہ مکمل معلومات ہمیشہ آسانی سے دستیاب ہوسکیں۔

2.2 آفس کے استعمال کی جملہ اسٹیشنری کی فراہمی۔

2.3 دیگر لوازمات (حسب ضرورت)

## 1 ہمارا نصب العین : (Our Vision)

ہندوستان میں اسلامی نظام کے تحت تمام سماجی مفادات کے لیے اسلامک بینکنگ کا نظام فراہم کرنا۔

## 2 ہمارا مقصد : (Our Mission)

ہمارے قابل قدر گاہکوں کی خدمت اور مصنوعات کی فراہمی کے لیے مضبوط مالیاتی اسلامی بینکنگ کا قیام۔

## 3 ہماری اقدار : (Our Values)

صاف اور شفاف پالیسی، باہمی فوائد کے ساتھ گاہکوں کے لئے بہترین خدمات،مؤثر اپیل کرنے والا سادہ اور قابل فہم اور منصفانہ نظام مہیا کرنا۔

## 4 مقاصد اور اہداف : (Goals & Objetives)

تقویٰ کا کام ان تمام گاہکوں کو سودی نظام سے آزاد کرنا ہے اور جو سود سے سبکدوش ہونا چاہتے ہیں ان کی جمع شدہ رقومات پر مناسب نفع اور سرمایہ کاری کی رقوم پر اعلیٰ تناسب کا نفع فراہم کرنے کے ساتھ ان کو معیاری اور تجارتی مشوروں سے نوازنا ہے۔

بلا سودی نظام یا جمع شدہ رقم پر معقول منافع یا لاگت پر اچھا منافع دینا اور گاہکوں کو اعلیٰ درجے کی مصنوعات فراہم کرنا اور ان کو مہاجنی ہتھکنڈوں سے آزاد کرانا اور پائدار اثاثہ کے لیے ذرائع کا انتظام کرنا۔

## 5 مقاصد و حکمت عملی : (Goals & Strategies)

سماجی مقاصد کے ساتھ سرمایہ کاروں کو زیادہ سے زیادہ منافع دینا ہے۔ تجارتی بنیاد پر کام کرنا سرمایہ کاروں اور پیسہ لگانے والوں کو اچھا منافع دینا۔ خاص طور پر مسلمانوں کے لیے سودی بینکوں کے مقابلے میں ایک ایسا اسلامک بینکنگ کا نظام قائم کرنا جو روایتی بینکوں کی طرح پائیدار بھی ہو اور نعم البدل بھی ہو۔

## 6 تجارتی حکمت عملی : (Business Strategies)

تقویٰ کا اسلامی بینک کاری نظام انتہائی محفوظ ہے جس میں نقصانات کے امکانات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ سرمایہ کاری میں مزید خطرات کو کم کرنے کے لیے قرض خواہوں کی تشخیص اور معلومات سخت اور معیاری طریقے سے کی جاتی ہے تاکہ قرض یا فائنانس کی واپسی میں کسی طرح کی دشواری اور شکایت نہ ہو۔

## 7 حکمت عملی اور ترجیحات : (Strategies & Priorities)

ملکی اور غیر ملکی مارکیٹ سے شیئرس اسلامک بانڈز اور ڈپازٹ کے حصول کے لیے متحرک اقدام اٹھانا، سرمایہ کاری کی تمام اسکیموں کا ایک وسیع اقتصادی احاطے میں خطرات کو تقسیم کرنا زیادہ سے زیادہ نفع حاصل کرنا، تاکہ تقویٰ گاہکوں کو اطمینان ہو، اور ان کے سرمایہ کی بھی حفاظت ہو۔ ساتھ ہی ساتھ ملازمین کے مستقبل کے لیے ان کو بھرپور فائدہ اور کام کا بھرپور معاوضہ دینا۔

## 8 ماحولیاتی تجزیہ : (Environmental Analysis)

ہندوستان میں اسلامی بینکنگ کی بہت زیادہ مانگ ہے اور ساتھ ہی اس میں مقابلے محدود ہے۔ تقویٰ شیئر ہولڈرس اور رقم لگانے والوں کے حقوق کا تحفظ کرے گا۔ تقسیم شدہ آمدنی پر ٹیکس نہیں لگایا جاتا۔ بھٹکل (کرناٹک) میں پہلے ہی اسے اسلامی بینکنگ اور اس کا بنیادی ڈھانچہ موجود ہے۔ مختلف لوگوں کا اعتماد حاصل کرنے اور ان کو اچھے منافع کا یقین دلانے میں وقت لگے گا۔ کیونکہ لوگوں میں اسلامی بینکنگ کے تعلق سے بیداری کی رفتار اطمینان بخش نہیں ہے۔ لوگوں کے ایک بڑے حصہ کو اسلامی بینکنگ اور اس کے فائدوں کے بارے میں اعتماد حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ آج بھی عام انسان کے ذہن میں اسلامی بینکنگ اور سود پر مبنی بینکنگ کا فرق واضح نہیں ہے۔

9 حکومت : (Government)

تقویٰ سرکاری منصوبوں میں (جن سے عوام الناس کی ترقی ہو)، کلیدی رول ادا کرے گی۔

10 منافع کی تقسیم کا طریقہ : (Profit Calculation Standard)

تقویٰ نے حاصل شدہ منافع کی تقسیم کے لئے یونٹ سسٹم کو اختیار کیا ہے۔ یونٹ سسٹم میں وقت کے کسی منتخب اور متعین کردہ مدت میں سرمایہ کاروں کا نفع یا نقصان روزانہ یا ہفتہ وار یا ماہانہ وغیرہ منصفانہ طریقے سے معلوم کیا جاسکتا ہے۔ اور ہر سرمایہ کار اپنے حصے کا نفع آسانی سے معلوم کرسکتا ہے۔

11 شیئرس کی حصہ داری : (Issues of Shares to)

1۔ عام ممبران کم سے کم 2 سے 25 شیئرس (-/2000 روپے سے -/25,000 روپے تک)
2۔ متحرک شیئر ہولڈرس: 25 سے 1000 شیئرس (-/25,000 روپے سے -/10,00,000 روپے تک)
3۔ برائے نام شیئر (Nominal Share) کی قیمت -/1000 روپے
4۔ 5 لاکھ روپے 5 سال کے لیے ڈائریکٹرشپ روٹیشن کی بنیاد پر۔
5۔ 10 لاکھ روپے 10 سال کے لیے ڈائرکٹر شپ روٹیشن کی بنیاد پر۔
6۔ ایک کروڑ روپے تا حیات ڈائرکٹر شپ۔

**نوٹ** : مندرجہ بالا حصہ داری بورڈ کی منظوری پر منحصر ہوگی۔

## 3- بورڈ آف ڈائریکٹرس : (Board of Directors)

تقویٰ نے گیارہ پروموٹرس کا انتخاب کرکے بھٹکل میں اسلامک بینکنگ ماڈل کا آغاز کیا ہے اور کے.بی.ایس. ایکٹ (1960) کے تحت اس کا رجسٹریشن کرا لیا ہے۔ پھر بھی تقویٰ کے بورڈ آف ڈائریکٹرس کی تشکیل جمہوری طرز پر کی جائے گی۔ یہ کام علاقائی لوگوں کے 250 ممبران کا ہدف پورا ہونے پر انجام دیا جائے گا۔

## 4- شریعہ کا مشاورتی بورڈ : (Shari'a Advisory Board)

شریعہ کمیٹی میں عالم دین جو ہندوستان یا غیرملکوں سے تعلق رکھتے ہیں، ان کے کم سے کم تعداد سات اور زیادہ سے زیادہ گیارہ ہوگی۔ ہندوستان کے معروف علمائے کرام کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی (چیئرمین) حیدرآباد
2۔ حضرت مولانا مفتی عتیق احمد، دارالعلوم ندوۃ العلما لکھنؤ
3۔ حضرت مولانا انیس الرحمٰن، ناظم امارت شرعیہ پھلواری شریف پٹنہ
4۔ حضرت مولانا مفتی برکت اللہ لندن
5۔ حضرت مولانا فاروق قاضی بھٹکل
6۔ حضرت مولانا عبدالعظیم قاضیا ندوی بھٹکل

## 5- مصنوعات اور خدمات : (Products And Services)

### 1 خدمات (Liability)

1۔ سیونگ اکاؤنٹ (Saving Account)
2۔ گولڈ اکاؤنٹ (Gold Saving Account)
3۔ الائٹ اکاؤنٹ (Elite Saving Account)
4۔ چالو کھاتہ (Current Account)

فکسڈ

5۔ فکسڈ ڈپازٹ اکاؤنٹ (Fixed Deposit Account)
6۔ غنا فکسڈ ڈپازٹ اکاؤنٹ (Ghina Fixed Deposit Account)
7۔ وکالہ ڈپازٹ اکاؤنٹ (Wakala Deposit Account)
8۔ کاپوریٹ وکالہ ڈپازٹ اکاؤنٹ (Corporate Wakala Deposit Account)

سکوک / اسلامک بونڈز / 100%

9۔ سکوک الاجارہ (Sukuk al Ijarah)
10۔ سکوک المرابحہ (Sukuk Al Murabaha)
11۔ سکوک المضاربہ (Sukuk Al Mudaraba)
12۔ سکوک المشارکہ (Sukuk Al Musharaka)

شیئر کیپٹل (Share Capital)

13۔ عام شیئر ہولڈرس (Ordinary Shares-holders)
14۔ متحرک شیئر ہولڈرس (Active Share-holders)

## 2 مصنوعات (Assets)

1۔ آٹو فائنانس (Auto Finance)
2۔ کشتی کے لیے فائنانس (Boat Finance)
3۔ نور فائنانس (Noor Finance)
4۔ اشیاء کے لیے فائنانس (Commodity Finance)
5۔ جائداد کے لیے فائنانس (Property Finance)
6۔ لیز کے لیے فائنانس (Lease Finance)
7۔ ہائر فائنانس (Hire Finance)
8۔ سونے (دھات) کے لیے فائنانس (Gold Metal Finance)
9۔ سونا رہن کے لیے فائنانس (Gold Mortgage Finance)
10۔ تداول (شیئرس فائنانس) (Tadawul Share Finance)
11۔ الخیر فائنانس (Al Khair Finance)
12۔ قلیل فائنانس (Micro Finance)
13۔ منصوبوں کے فائنانس (Project Finance Isitsn'a)

## 3 سرمایہ کاری (Investments)

14۔ رہائشی اور تجارتی منصوبے (Residential & Commercial Projects)
15۔ پورٹ فولیو مینجمنٹ (Portfolio Managements)
16۔ وکالہ انویسٹ منٹ (Wakala Investments)

## کریڈٹ کارڈس (Credit Cards)

17۔ اسلامک کریڈٹ کارڈ دھات کے تحت

(Islamic Credit Cards Linked with Metals)

18۔ فوری فائنانس موجودہ کریڈٹ کارڈ کے تحت

(Instant Finance Linked with Existing Banks)

ہمارے گاہکوں کے لئے تقویٰ نے معیاری مصنوعات اور خدمات پیش کی ہیں۔ جو روایتی بینک کی طرز پر ہیں لیکن بلا سودی شرائط پر ہیں تاکہ وہ اُس کا فائدہ اٹھا سکیں اور اپنے مقاصد میں کامیابی حاصل کرسکیں۔تقویٰ نے اپنے گاہکوں کو ان کے مالی اور رتبوں کی بنیاد پر تقسیم کیا ہے۔اس قسم کی درجہ بندی

کا مقصد ان کو معیاری مصنوعات اور خدمات کی فراہمی ہے جس کی تفصیلات حسب ذیل ہیں۔

## 5.1 انفرادی بینکنگ:(Personal Banking)

### سیونگ اکاؤنٹ : (Saving Account)

سیونگ اکاونٹ باقاعدہ اے ٹی ایم یا الیکٹران کارڈ کے ذریعے انفرادی طور پر آپریٹ کیا جائے گا۔ یا پھر گاہک تقویٰ کے کسی بھی دفتر سے براہ راست لین دین کر سکے گا۔ اس کھاتے میں دوسرے مہینے سے اوسطاً پانچ ہزار (5000/=) روپے ہمیشہ جمع رکھنا لازمی ہوگا۔ بصورت دیگر ہماری شرح (Tariff) کے مطابق ماہانہ چارج/فیس وصول کی جائے گی۔ کسی بھی مہینے میں فائدہ حاصل کرنے کے لئے کھاتے میں کم از کم پانچ ہزار (5000/=) روپے جمع رہنے چاہیے۔ اس کھاتے کا بنیادی مقصد عوام کے اندر بچت کی عادت پیدا کرنا اور اس جمع پونجی کو کسی کاروبار میں لگانے کا موقع فراہم کرنا ہے۔ اس کھاتہ پر شرعی اصول" مضاربہ" کا اطلاق ہوتا ہے۔

### سونا بچت کھاتہ : (Gold Saving Account)

اس اکاؤنٹ کے تحت کم ازکم ایک گرام اور اس سے زیادہ گاہک کی مرضی کے مطابق سونا بچت کرنے کا منصوبہ ہے۔ اس کھاتے والے گاہک بازار کی قیمت کے مطابق تقویٰ (ایجنٹ) کے توسط سے مناسب کمیشن دے کر سونا خرید اور فروخت کرسکیں گے۔ اور سونا گرام کی مقدار میں جمع بھی کرسکیں گے۔ اس کھاتے کا اہم مقصد یہی ہے کہ عوام کو کرنسی کی شکل میں بچت کرنے کے بجائے سونے کی شکل میں بچت کرنے کی ترغیب دلائی جائے۔ کیونکہ کرنسی کی قیمت میں افراط زر کی وجہ سے کمی وبیشی مسلسل ہوتی رہتی ہے۔ جب اس کھاتے میں قابل لحاظ مقدار میں سونا جمع ہوجاتا ہے تو پھر گاہک کھلے بازار میں اسے زیورات میں تبدیل کرسکتا ہے۔ اور سونے کو نقد میں بھی تبدیل کیا جاسکتا ہے۔

### ممتاز افراد کا بچت کھاتہ : (Elite Saving Account)

اس کھاتہ کی خدمات اس خاص طبقہ کے لئے حاصل رہے گی جن کے پاس بڑا سرمایہ ہے۔ جیسے نامور اور کامیاب تاجر، اعلیٰ عہدوں پر فائز سرکاری افسران ، اور ہمارے پاس موجود ایسے کھاتہ داروں کے قریبی افراد وغیرہ۔ یہ کھاتہ جاری کرنے کے پیچھے ہمارا مشن یہ ہے کہ ہمارے بہت ہی سرکردہ گاہکوں کے لئے بینکنگ اور نان بینکنگ زمرے کی کچھ خصوصی خدمات فراہم کی جائیں۔ جس میں، تیز رفتاری ،سہولت رازداری اور تحفظ پر زیادہ توجہ مرکوز کی گئی ہو۔

### میعادی ڈپازٹ کھاتہ : (Term Deposit Account)

''ٹرم انویسٹمنٹ'' بھی شریعت کے اصول ''مضاربہ'' کے مطابق آپریٹ کیا جائے گا۔ جس کے تحت

انویسٹر یا ڈپازیٹر جو مال کاروبار میں لگانے والے کی حیثیت سے رب المال ہوگا، وہ اپنا مال تقویٰ کے ساتھ انویسٹ کرے گا جس کی حیثیت منیجر کی ہوگی۔تقویٰ (جو کہ مضارب کہلائے گا) اس مال کو پہلے سے منظور شدہ شرائط وضوابط کے مطابق کاروبار میں لگائے گا جیسا کہ انویسٹر اور منیجر کے درمیان طے ہونے والے ''ٹرم ڈپازٹ اکاؤنٹ اگریمنٹ'' میں واضح کیے گئے ہیں۔ٹرم ڈپازٹ جو ایک مقررہ میعاد کے لئے رکھی گئی ہو، اگر وہ کم از کم مدت پوری ہونے سے پہلے واپس نکالی جاتی ہے،تو اس پر اس مدت کے لئے کھاتے دار کسی قسم کا منافع کا حقدار نہیں ہوگا۔

## غنٰی فکسڈ ڈپازٹ کھاتہ : (Ghina Fixed Deposit Account)

غنٰی بچت کھاتہ ایسا انویسٹمنٹ ہے جو مدت پوری (Mature) ہونے پر واپس مل سکتا ہے۔اور اس پر شریعت کے اصول ''مضاربہ'' کے تحت عمل کیا جاتا ہے۔جس کے تحت مال لگانے والا/ ڈپازٹ کرنے والا/ گاہک، انویسٹر (رب المال) ہونے کی وجہ سے اپنا مال تقویٰ کے ساتھ کاروبار میں لگائے گا۔ تقویٰ اس مال کے منیجر کے بطور (جو کہ مضارب کہلائے گا) اسے پہلے سے دونوں کے درمیان منظور شدہ معاہدہ کے اصول وضوابط کے تحت کاروبار میں لگائے گا۔ یہ کھاتہ صرف انفرادی طور پر کھولا جائے گا۔غنٰی کے کھاتے دار ماہانہ ریفل ڈرا میں داخلہ کے لئے اہل ہونگے۔ ریفل ڈرا کے انعام کی رقم حصہ دار (شیئر ہولڈرس) کے منافع اکاؤنٹ سے یا پھر اس اکاؤنٹ میں جمع شدہ فنڈ سے ملنے والے منافع سے (جو بھی ممکن ہو) لی جائے گی۔

تقویٰ کی طرف سے غنٰی کی مصنوعات (پروڈکٹس) کے فروغ کے لئے خصوصی مہم چلائی جائے گی جو شرعی حدود کے اندر واضح کی گئی ہوں گی۔کھاتے دار کو ویلکم ڈرا اینٹری کوپن پانے کے لئے اس کھاتے میں کم از کم ایک سال کی میعاد کے لئے -/10,000 روپے ڈپازٹ رکھنے ہونگے۔

ہر مہینے کم از کم بیلینس برقرار رکھنے اور ہر اضافی ڈپازٹ یا سرمایہ کاری کے لئے گاہک اضافی اینٹری کوپن (داخلہ کوپن) کا حقدار ہوگا۔ ہر مہینے کی مقررہ تاریخ کو ریفل ڈرا کے ذریعے گاہکوں کی ایک متعینہ تعداد کو انعامی رقم تقسیم کی جائے گی۔شرط یہ ہے کہ گاہک اس مہینے کے اندر اپنے غنٰی اکاؤنٹ میں کم از کم بیلینس -/10,000 روپے یا اس سے زیادہ رقم ڈپازٹ رکھے۔

قرعہ (ڈرا اینٹریز) ہر مہینے کے کاروباری اختتام پر خود بخود داخل ہوجائیں گے۔ایک ماہ کے دوران جتنے بھی داخلہ کوپن جمع ہونگے ، ان کو ریفل ڈرا میں داخل کیا جائے گا۔ انعام یافتہ اینٹری کا انتخاب غنٰی ریفل ڈرا کے MTG Draw Program کے ذریعے کسی مجاز شخصیت کی موجودگی میں Random طریقے پر ہوگا۔

گاہکوں کے لئے غنٰی کھاتے کی سہولت متعارف کرنے کا اہم مقصد ڈپازٹ پر نہ صرف منافع پانے کا بلکہ بڑا انعام Grand Prize پانے کا بھی موقع فراہم کرنا ہے۔

**وکالہ ڈپازٹ اکاؤنٹ : (Wakala Deposit Account )**

وکالہ سرمایہ کاری ایک ایسا معاہدہ ہے جس کے تحت بنیادی پیسہ لگانے والا / ڈپازٹ کرنے والا (مؤکل) اپنا سرمایہ ایک ایجنٹ یعنی تقویٰ (وکیل) کے پاس شرعی حدود کے اندر مالیاتی کاروبار میں سرمایہ کاری کے لئے رکھتا ہے۔ اس کے بدلے میں پہلے سے طے شدہ معاہدے کے تحت تقویٰ کو کمیشن یا منافع کا حصہ ملے گا۔

وکالہ سرمایہ کاری کے تحت گاہک تقویٰ کو ایسے تمام اقدامات کرنے کا اختیار دیتے ہیں، جیسے کہ وہ خود سرمایہ کاری کرنا چاہیں گے۔ تقویٰ اس بات کا ذمہ دار ہوگا کہ اس سرمایہ کاری کے عمل کو ذمہ داری کے ساتھ (بالکل اسی طرح جیسا کہ مؤکل کرتا ہے) بھروسہ اور اعتماد کی بنیاد پر انجام دے۔ اور سرمایہ کاری کے جملہ عمل میں تقویٰ (وکیل) کسی بھی لاپرواہی کے لئے گاہک کو جواب دہ ہوگا۔

تقویٰ اور گاہک کا رشتہ "ماسٹر وکالہ اگریمنٹ فار انویسٹ منٹ" کے تحت قائم رہے گا۔ اس معاہدے کی شکل اور اس کا متن (شریعت اور قانون سے منظور شدہ) گاہک اور تقویٰ کے کردار اور ذمہ داریوں کی وضاحت پر مبنی ہوگا۔ اور اس میں درج شرائط وضوابط کی پابندی کی جائے گی۔

تقویٰ صاف الفاظ میں گاہکوں کو یہ بتائے گا کہ منافع کی کوئی ضمانت (گیارنٹی) ان کی طرف سے نہیں دی جائے گی۔ اور جو بھی منافع کا اشاریہ ہے وہ سابقہ تجربات پر مبنی ہوسکتا ہے، جسے "متوقع منافع" (Expected Profit) کہا جائے گا۔ گاہک کو کسی مقررہ شرح سے منافع دلانا شریعت کی رو سے ناجائز رہے گا۔

سرمایہ کاری کی شروعات میں متوقع منافع ملنے کے امکانات نہ ہونے کی صورت میں تقویٰ اپنے گاہک کے ساتھ نئی شرح منافع پر مبنی سرمایہ کاری کا نیا معاہدہ کرے گا۔ ایسی صورتوں میں سابقہ سرمایہ کاری کا معاہدہ منسوخ ہوجائے گا۔ اور دونوں فریقوں کی مرضی سے نیا معاہدہ "ماسٹر وکالہ اگریمنٹ فار انویسٹ منٹ" کے شرائط کے مطابق طے پائے گا۔

**ویلتھ منیجمنٹ اکاؤنٹ : (Wealth Management Account )**

"میوچول فنڈس" (MF) کو اس طرح سے وضع کیا گیا ہے کہ ہم اپنے گاہکوں میں پائے جانے والے نقصان کے خدشات دور کرنے اور منافع (صلہ) پانے کی امید کے تقاضوں کو پورا کرسکیں۔ ایک معتبر پورٹ فولیو منیجر، تقویٰ کے خاص مقاصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایک پورٹ فولیو تیار کرے گا۔ اس میں اقتصادی تحفظات، اسٹاک، سکوک یعنی شرعی حدود والے بانڈز اور شریعت سے مطابقت رکھنے والے دیگر

ذرائع کا احاطہ کیا جائے گا۔ پورٹ فولیو منیجر بعض دفعہ گاہک/ سرمایہ کار کو زیادہ سے زیادہ منافع دلانے کی غرض سے بعض تحفظات (سیکیوریٹیز) کے سلسلے میں زیادہ توجہ مرکوز کرنے والے اقدامات کرسکتا ہے۔
گاہکوں کو پیش کی جانے والی ایسی تمام مصنوعات شریعت کے دائرے اور ملک کے قانون سے مطابقت رکھنے والی ہوں گی۔

## 5.2 تجارتی بینکنگ Business Banking

### کارپوریٹ فکسڈ ڈپازٹ : (Corporate Fixed Deposit)

انفرادی ٹرم رفکسڈ ڈپازٹ سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی طرح تقویٰ کے ساتھ تعلق بنائے رکھنے والی کمپنیاں بھی شریعت کے اصول ''مضاربہ'' کے تحت آپریٹ کرسکیں گی۔ جس میں رقم جمع کرنے/ سرمایہ کاری کرنے والا (رب المال ہونے کی وجہ سے) تقویٰ کے ساتھ اپنا سرمایہ لگائے گا۔ تقویٰ جو کہ سرمایہ کا منتظم ہوگا ( ''مضارب'' کہلائے گا) وہ اس اکاؤنٹ کے تحت پہلے سے دونوں کے بیچ طے شدہ معاہدہ کے شرائط و ضوابط کے مطابق سرمایہ کاری کرے گا۔ میعادی سرمایہ کاری (ٹرم انویسٹ منٹ) رڈپازٹ اگر مخصوص مدت یا کم از کم میعاد پوری ہونے سے پہلے واپس لی جاتی ہے تو اس مدت کے لیے اس پر منافع نہیں ملے گا۔

### کارپوریٹ ایلائٹ اکاؤنٹ : (Corporate Elite Account)

ایلائٹ اکاؤنٹ کی خدمات بہت ہی خاص قسم کے کارپوریٹ گاہکوں کے لئے ہوں گی جن کے پاس بڑا سرمایہ ہے اور وہ ہمارے یہاں اپنا اکاؤنٹ رکھتے ہوں۔ اس اکاؤنٹ کا خاص مقصد یہی ہے کہ بینکنگ اور غیر بینکنگ زمرے کی مخصوص خدمات ایسے ممتاز تجارتی گروہ کے گاہکوں کو فراہم کی جائیں، جس میں انفرادی تعلق، تیز رفتاری، آسانی، رازداری اور تحفظ موجود ہو۔

## 5.3 ذاتی فنانس Personal Finance

### گولڈ فنانس : (Gold Finance)

یہ قرضہ چاہنے والے کو "Gold Mortgage" سونا گروی رکھ کر فنانس فراہم کرنے کا ایک عام اور محفوظ راستہ ہے۔ جس میں قرضہ دینے والے کو یہ اختیار حاصل رہتا ہے کہ وہ ایک مدت خاص کے بعد یہ سونا ضبط کرلے۔ لیکن جب رقم مکمل طور پر واپس لوٹائی جاتی ہے تو قرضہ دینے والا سونا ضبط کرنے کا یہ حق کھو دیتا ہے۔ اور سونا قرضہ لینے والے کو واپس لوٹا دیا جاتا ہے۔ اس کے لئے شرعی اصطلاح ''مرابحہ'' کا اطلاق ہوتا ہے۔ جس کے تحت ایک گاہک کوئی شئے اس کو فروخت کرنے والے کسی دلال (ایجنٹ) سے خریدتا ہے، جو گاہک سے وہ چیز تیسرے فریق کو بیچنے کی راہ ہموار کرتا ہے۔ اس سے گاہک کو لین دین کی تکمیل پر رقم ملتی ہے۔

## الخیر فنانس : (Al Khair Finance)

"الخیر فنانس" کو اس مقصد سے وضع کیا گیا ہے کہ اس سے روایتی بینکنگ سے جن لوگوں کے معاملات ہیں اور بقایہ جات میں الجھے ہوئے ہیں، انہیں سلجھانے میں ان لوگوں کو مدد ملے ۔اور وہ تقویٰ کے ساتھ نئی اسلامی بینک کاری کے رشتے میں جڑ جائیں۔ اس اکاؤنٹ کو متعارف کرنے کا بنیادی مقصد ان لوگوں کر راحت دلانا ہے جو ربوٰ (سود) پر مبنی لین دین کو پسند نہیں کرتے ۔ اس کے تحت روایتی بینکوں میں جس کسی پر واجب الادا بقایاجات ہیں، وہ ہماری ''الخیر فنانس'' کی سہولت کے ذریعے انہیں نقد ادا کر کے چھٹکارا پا سکتا ہے۔

اس کے لئے شرعی قانون "مرابحہ " کا اطلاق ہوتا ہے۔ جس کے تحت ایک گاہک کوئی شئے اس کو فروخت کرنے والے کسی دلال (ایجنٹ) سے خریدتا ہے، جو گاہک سے وہ چیز تیسرے فریق کو بیچنے کی راہ ہموار کرتا ہے۔ اس سے گاہک کو لین دین کی تکمیل پر رقم ملتی ہے۔

## آٹو فنانس : (Auto Finance)

موٹر گاڑیاں وغیرہ خریدنے کے خواہشمند شریعت کے ضابطے ''مرابحہ'' کے تحت تقویٰ کے چند لازمی شرائط کو پورا کرنے کے بعد گاڑیاں/ اپنی پسند کی کار وغیرہ خرید سکتے ہیں۔ اس فنانس کا مقصد تاجروں کو مالی تعاون فراہم کرنا ہے جن کو تجارتی مقاصد کے لئے مال تجارت خریدنے کے لئے سرمایہ درکار ہوتا ہے۔ اس پر شرعی قانون ''مرابحہ'' کا اطلاق ہوتا ہے۔ جس کے تحت تقویٰ ضروری مال تجارت خریدے گا اور تاجروں کو اپنا منافع رکھ کر فروخت کرے گا۔

## کموڈیٹی فنانس : (Commodity Finance)

یہ فنانس تاجروں کو مال تجارت خریدنے کے لئے ضروری فنڈ میں تعاون کے طور پر مہیا کیا جاتا ہے۔ اس پر شرعی قانون ''مرابحہ'' کا اطلاق ہوتا ہے۔ جس کے تحت تقویٰ ضروری مال تجارت خریدے گا اور تاجروں کو اپنا منافع رکھ کر فروخت کرے گا۔

## ای۔کموڈیٹی فنانس : (E - Commodity Finance)

ای کموڈیٹی فنانس ایک قسطوں پر مبنی پروگرام ہے، جو ایسے گاہکوں کے لئے وضع کیا گیا ہے جو فوری طور پر اشیاء خریدنا چاہتے ہیں۔ اس سے گاہک اپنی پسندیدہ چیزیں خریدے گا اگر وہ تقویٰ کے ساتھ اس علاقے میں اشتراک کرتا ہے۔ خواہشمند گاہک کے لئے ضروری ہوگا کہ وہ تقویٰ کے ساتھ کریڈٹ کارڈ یا ویزا ڈیبٹ کارڈ کی سہولت حاصل کرے۔ جس سے ابتدا میں ان کو ویزا ڈیبٹ کارڈ کے ذریعے مالیہ فراہم کیا جائے گا۔ یہ مالیہ (فنانس) گاہک شرائط وضوابط کی تکمیل کے بعد حاصل کر سکے گا اور ای کموڈیٹی فنانس کی

سہولت کا فائدہ اسی انداز میں اٹھا سکے گا جیسے کہ گاہک کریڈٹ کارڈز/ ڈیبٹ کارڈز استعمال کرتے ہیں۔ اس پر شرعی قانون ''مرابحہ'' کا اطلاق ہوتا ہے۔ جس کے تحت یہ ضروری ہوجاتا ہے کہ جو بھی چیز گاہک خریدتا ہے، اسے تقویٰ کے برانڈ اور نام سے بیچا جائے گا۔ جس کا انتظام کاروباریوں کے ساتھ پہلے سے معاملہ کرکے/ برانڈ میں اشتراک یا تال میل سے کیا جائے گا۔ اس طرح ہمارے گاہکوں کو ای کموڈیٹی فنانس کی سہولت دستیاب ہوگی۔

عام طور پر کریڈٹ کارڈ رکھنے والے اس کارڈ کا استعمال ایسی چیزیں خریدنے کے لیے کرتے ہیں جن کی قیمتیں ایک مہینے کی کسی بھی مقررہ تاریخ تک 10% یا 100% ادا کرنی ہوتی ہیں۔ اس تاریخ کے بعد اگر استعمال کی گئی رقم پوری کی پوری یعنی 100% ادا نہیں ہوتی تو گاہکوں سے باضابطہ خریداری یا نقد رقم نکالنے پر تقریباً 24% سے 36% چارج وصول کیا جاتا ہے۔ جو کہ بڑی بھاری قیمت ہوتی ہے۔ اگر ایسے گاہک بینک کے ساتھ غیر معینہ مدت تک اپنے بقایاجات کی ادائیگی کا معاملہ نہیں کرتے تو وہ ہمارے ای کموڈیٹی فنانس (کریڈٹ کارڈ جیسی سہولت) کے تحت بینک کی رقم لوٹانے کا ایک ایسا پلان بنا سکیں گے، جس کا دورانیہ گاہک کی خواہش کے مطابق طویل ہوسکتا ہے، بشرطیکہ تقویٰ اسے منظور کرے۔ جس سے خریدی گئی چیزوں کی قیمت ایک معقول شرح پر لوٹائی جاسکے گی۔ لہٰذا پہلا والا معاملہ عرصے والا خریداری کا مہنگا منصوبہ ٹھہرا، جبکہ بعد والا (یعنی تقویٰ) خریداری کی قیمتیں لوٹانے کا منصوبہ ہوگا جس کا دورانیہ بھی طویل ہوگا۔

### پراپرٹی فنانس : (Property Finance)

جائداد کے فنانس پر عمل درآمد شریعت کے قانون کے مرابحہ، اجارہ، یا استثنا کے تحت جس کیفیت کا معاہدہ متعلقہ فریقوں کے درمیان طے ہوتا ہے اس کے مطابق ہوگا۔ پراپرٹی فنانس کے لیے عام شرعی قاعدے مرابحہ، اجارہ اور ''استثنا'' پر عمل درآمد ہوتا ہے۔ جس کا مطلب ہے آرڈر پر خرید کرنا۔ استثنا کے تحت مالیہ (فنانس) کی سہولت تقویٰ کی طرف سے ان گاہکوں کو دستیاب ہوگی جو تعمیر کی جانے والی جائداد خریدنا چاہتے ہیں اور جس کی ادائیگی ایک مخصوص مدت تک قسطوں کی شکل میں ادا کی جانی ہے۔ تقویٰ اس جائداد کے مالک کی حیثیت سے گاہک اور اس کے کنٹراکٹر/ سپلائر کے ساتھ ایک معاہدہ کرے گا۔ پھر تقویٰ اس جائداد کی ملکیت Ownership کے حصول کے بعد مناسب منافع پر گاہک کو فروخت کرے گا۔

### لیز فنانس : (Lease Finance)

اس معاہدہ پر شرعی اصول "اجارہ" کے تحت عمل ہوگا۔ اس معاہدے کے تحت کرایہ دار/ پٹہ دار Lessee کسی اثاثہ کو خریدنے کے لئے جس کی قیمت فروخت میں کمی (Depreciation) آتی جاتی ہے،

تقویٰ سے مالیہ حاصل کرتا ہے۔ جیسے کہ موٹر گاڑیاں، کمپیوٹرس، مشینری اور آلہ جات وغیرہ۔

### ہائر فنانس : (Hire Finance)

اس زمرے میں فنانس کی فراہمی بھی شریعت کے اصول" اجارہ" کے تحت ہوگی۔ اس معاہدے میں تقویٰ اپنے گاہک کو قسطوں میں ادائیگی کی بنیاد پر کوئی تغیر پذیر اثاثہ جیسے زمین، مکانات، دوکانیں، کارخانے وغیرہ (جس کی بازاری قیمت میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے) خریدنے کی سہولت فراہم کرے گا۔

معاہدہ طے ہوتے ہی گاہک اس اثاثہ کو کرایہ کی بنیاد پر اپنے قبضے میں لے سکے گا۔ واجب الادا کرایہ اور قسطوں کی رقم کو تقویٰ کی طرف سے گاہک کے حالات اور بازار کے رجحانات دیکھنے کے بعد طے کیا جائے گا۔ بہرحال گاہک کو اس اثاثہ کی پوری قیمت گاہک اور تقویٰ کی جانب سے باہمی رضامندی کے ساتھ طے کی گئی متعینہ مدت کے اندر ادا کرنا لازم ہوگا۔

### شیئر فنانس : (Share Finance)

یہ مالیہ جو شیئر فنانسنگ کہلاتا ہے وہ صرف شریعت کی جائز حدود میں "تداول" کے نام سے جاری کیا جا سکتا ہے۔ جس میں تقویٰ کے گاہک اسٹاک مارکیٹ سے تجارت کے دائرے میں حصص (شیئرس) خرید سکیں گے۔ گاہک کی طلب کے مطابق تقویٰ ان کے لیے شیئرس کی خرید وفروخت منظور شدہ معاوضہ کے ساتھ کرے گا۔ گاہک کو جب یہ شیئرس دستیاب ہوں گے تو وہ اسٹاک مارکیٹ میں براہ راست کاروبار کے لیے ان شیئرس کا استعمال کرسکیں گے۔

### ہوم فنانس : (Home Finance)

ہوم فنانسنگ پر شریعت کے اصول "اجارہ "یا" فارورڈ اجارہ" کے تحت عمل ہوگا۔ اجارہ پر اس صورت میں عمل ہوگا جبکہ معاملہ Purchase Financing کا ہو۔ یعنی جائداد کا اپنا وجود ہو۔ اس کے برعکس جہاں جائداد کی تعمیر ہونی ہے وہاں "فارورڈ اجارہ" کا اطلاق ہوگا۔

تقویٰ اس فنانس میں پٹہ دینے والا Lessor ہوجاتا ہے اور اثاثے جیسے کہ گھر، زمین، جہاز، جائداد وغیرہ کرایہ Lease پر دیتا ہے۔ اس کی مدت گاہک Lessee اور تقویٰ Lessor کے مابین اس وعدے کے ساتھ طے شدہ ہوتی ہے کہ گاہک لیز کی مدت ختم ہونے پر وہ اثاثہ ایک منظور شدہ قیمت پر خرید لے گا۔

### تعلیمی فنانس : (Education Finance)

"نور" نام کے برانڈ کے ساتھ تعلیمی مالیہ سہولت ہمارے گاہکوں کے بچوں یا پھر اسکول/ کالج / یونیورسٹی جانے والے/ اعلیٰ تعلیم پانے والے طلباء کے والدین کو دستیاب رہے گی۔ اس فنانس کے زمرے میں "نور" کے لیے درخواست دینے والے گاہک کو کسی بھی قسم کی ابتدائی جزوی رقم Down

Payment تعلیمی ادارے کو دینے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ اگر کوئی Down Payment کرنا ضروری ہوگا تو پھر تقویٰ براہ راست اس کی ادائیگی کر دے گا۔
جتنی رقم کے لئے درخواست دی گئی ہے، اسکول کو دیئے گئے LPO میں تمام اخراجات کی تفصیلات درج ہوں گی۔ تقویٰ ایسی درخواستیں LPO کے ساتھ قبول کرے گا۔ اور شرعی اصول مرابحہ کے تحت اس میں کچھ منافع / قیمت شامل کرے گا۔
اسکول / یونیورسٹی /تعلیمی ادارے کی طرف سے LPO یا تقویٰ کے پرچیس کنفرمیشن پر دستخط کرنے سے پہلے گاہک تقویٰ کے ساتھ ''نور'' سیل کنٹراکٹ پر دستخط کرے گا۔

## ٹریول فنانس : (Travel Finance)

سفری مالیہ (ٹریول فنانسنگ) کی سہولت شریعت کے قانون ''مرابحہ'' کے تحت توثیق کرنے والے موجودہ ''گڈس مرابحہ'' (Goods Murabaha) اسکیم کی شرائط کے ساتھ فراہم کی جائے گی۔ یہ اسکیم ہمارے گاہکوں کو نامور ہوائی کمپنیوں یا ٹور آپریٹرس سے اشتراک کے ساتھ سفری پیکیج مہیا کرنے کے لئے متعارف کرائی جارہی ہے۔ جس پر تقویٰ کی جانب سے جاری کیے گئے ٹریول پیکیج کے اضافی رہنما اصول کا اطلاق ہوگا۔

## تجارتی فنانس : (Business Finance)

بزنس فنانس اسکیم ایسے کاروبار کے لئے حاصل ہوگی جو پہلے سے بحال اور مستحکم ہو۔ اور اس کی ترقی، توسیع یا اس کی سمت تبدیل کرنے کے لئے سرمایہ درکار ہو۔ یہ سرمایہ کاروباری سرگرمیوں کی نوعیت کے اعتبار سے لاگو ہونے والے شرعی قوانین کی روشنی میں فراہم کیا جائے گا۔ ایسے کاروباریوں کو اپنے پہلے سے کیے گئے عام وعدے پورے کرنے کے لئے سرمایے کی ضرورت مختصر عرصے کے لیے ہوسکتی ہے۔
اس قسم کا سرمایہ چاہنے والا تقویٰ سے رجوع ہوگا اور اپنی ضرورت کا خلاصہ پیش کرے گا۔ تقویٰ اس کی تجارتی ضرورت (بزنس کمٹ منٹ)، یا کھیپ کے منصوبے (Project on Consignment)، یا لین دین کا جائزہ لے گا، اور اسی کے مطابق سرمایہ فراہم کرے گا۔ ایسے قلیل مدتی سرمایہ کے لئے گاہک اور تقویٰ کے مابین باہم تقسیم ہونے والے منافع کی مدت، گاہک کی تجارتی سرگرمی سے متعلق Ratio Gross Profit کی بنیاد پر متعین کی جائے گی۔ اس قسم کا سرمایہ زیادہ سے زیادہ ایک سال کے لیے مہیا کیا جائے گا۔

## کال فنانس : (Call Finance)

اسلامی کال فنانس ایک ایسی اسکیم ہے، جو بازار میں اچانک پیش آنے والے تجارتی لین دین کے لئے

سرمایہ فراہم کرنے کے لئے وضع کی گئی ہے۔ یہ فنانس ہمارے ان گاہکوں کے لئے ہے جن کے پاس بڑے سرمائے والا کاروبار ہے، یا وہ بڑے کاروباری جنہوں نے تقویٰ فنانس کے ساتھ پہلے سے اپنے اکاؤنٹ کی Credit Limit کا انتظام کر رکھا ہے۔ باقی لوگوں کا معاملہ Credit Line کی منظوری کے بعد طے ہوگا یہ منافع کمانے کے لئے ایک موثر ذریعہ ہوگا۔ یہ صرف ایک قلیل مدتی فنانس ہوگا جس کے تحت ہمارا منظور شدہ گاہک تقویٰ سے رجوع ہوتا ہے اور کسی متوقع تجارتی لین دین کے بارے میں مشورہ دیتا ہے۔ جس کو آگے بڑھانے کا امکان ہونے پر تقویٰ اور گاہک پیش آنے والے لین دین میں شریک فریقوں (جیسے: خریدنے والا، فروخت کرنے والا اور ایجنٹ) کے تعلق سے باہمی رسمی گفت وشنید کرتے ہیں۔ تقویٰ سرمایہ کار ہونے کی وجہ سے گاہک سے کہے گا کہ وہ کمپنی کے فارم پُر کرے، جیسے پرچیس کمٹ منٹ فارم، سیل کمٹ منٹ فارم جس پر مذکورہ فریقوں کے دستخط ہونگے اور مہریں لگیں گی۔ جب ان فارموں میں درج دفتری لوازمات اور کارروائیاں مکمل ہوجائیں گی، تب گاہک اور تقویٰ عمل پذیر ہونے والے کاروباری لین دین سے حاصل ہونے والے منافع تقسیم کرنے کی شرح فیصد پر گفتگو کریں گے۔ جو مضاربہ، مشارکہ یا مرابحہ پر منحصر ہوگا۔

ہمارے گاہکوں کے مالیاتی بوجھ کو ہلکا کرنے کے لیے شرعی حدود کے اندر سرمایہ فراہم کرنے کی کئی دوسری اسکیمیں ہیں۔ جو بے شک انہیں اپنی تجارت سے متعلق اپنے کسی بھی مالیاتی وعدے کو پورا کرنے یا پھر اپنی ذاتی ضروریات کی تکمیل کے لیے فائدہ مند ہونگی۔

## 6- انٹرنیٹ/ آن لائن بینکنگ Internet/Online Banking

انٹرنیٹ بینکنگ جیسے کہ ای کامرس(e-commerce) کا حصہ ہے، تقویٰ نے اپنے ''اسلامک بینک سافٹ'' میں (جو کہ اسلامی بینکنگ کا سافٹ ویئر ہے) اس کی سہولت پہلے سے تیار کر رکھی ہے۔ جس کے تحت ہمارے گاہک تقویٰ کے ویب سائٹ پر رجسٹریشن کے فوراً بعد اپنے کھاتے تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ آن لائن / انٹرنیٹ بینکنگ کے ذریعہ جو خدمات مہیا کی جائیں گی اس میں بیلینس کی جانکاری، تقویٰ سے یا تقویٰ میں رقم ٹرانسفر کرنا، کھاتہ کھولنا، جمع کھاتے (ڈپازٹ) پر منافع کی جانچ، حصص (شیئر) اور سرمایہ کاری وغیرہ شامل ہیں۔

## 7 شرعی قوانین Shari'a Principles

تمام معاہدے اور لین دین شریعت اسلامی کے مطابق ہی انجام دیئے جائیں گے جو کہ مندرجۂ ذیل ہیں:

### 1۔ مرابحہ Murabaha

چیزوں کی اصلی قیمت پر کچھ منافع رکھ کر انہیں نقد یا ادھار قیمتوں پر بیچنا جسے فنانسر خریدے گا۔ اس کے بعد اسے ضرورتمند گاہک کو پہلے سے منظور شدہ شرائط وضوابط کے ساتھ طے شدہ منافع پر فروخت کرے گا۔ اس لین دین میں جب مصنوعات/ اشیاء کی قیمت ایک بار طے ہوجاتی ہے تو پھر وقت اور عرصے میں کسی تبدیلی کے باوجود بھی یہ قیمت تبدیل نہیں ہوسکتی جو کہ دو فریقوں میں پہلے سے طے ہوگئی تھی۔

### 2۔ اجارہ Ijara

یہ ایک کرایے والے اثاثہ جات کے متعلق کیا جانے والا معاہدہ ہے۔ جو آئندہ کی ایک مخصوص مدت کے لئے مقررہ کرایے کے ساتھ عمل میں آتا ہے۔ اس معاملے میں کرایے کا اثاثہ کرایے پر دینے کے لئے کرایہ دار کی تحویل میں رہے گا۔

### 3۔ مشارکہ Musharaka

یہ ایک ایسا معاہدہ ہے جسے دو یا اس سے زیادہ فریق مل کر شروع کرتے ہیں اور اس میں مشترکہ طور پر سرمایہ اس طرح لگاتے ہیں کہ اس کاروبار سے ہونے والا منافع / نقصان میں متناسب شرح سے حصے دار ہوتے ہیں۔

### 4۔ استثنا Istisn'a

یہ ایک ایسا معاہدہ ہے جس کے تحت ایک فریق کچھ خاص نوعیت کی چیزیں تیار کرنا شروع کرتا ہے، جس کی تفصیلات پہلے سے طے کی گئی ہوں۔ اور اس کی قیمت کے علاوہ مصنوعات فراہم کرنے کی قطعی تاریخ (Date of Delivery) بھی متعین کی جا چکی ہو۔

### 5۔ مضاربہ Mudaraba

اس معاہدہ میں دو فریق ہوتے ہیں جو مشترکہ کاروباری لین دین کرتے ہیں۔ اس میں ایک فریق جو رب المال کہلاتا ہے وہ دوسرے فریق جو کہ "مضارب" (Sleeping Partner) کہلاتا ہے اور اس کے پاس سرمایے کو استعمال کرنے کی مہارت ہوتی ہے، اس لئے رب المال مالیہ لگاتا ہے۔

### 6۔ قرض حسن Qard-Hasan

یہ ایک قرض (غیر سودی) ہے جو کسی ایسے شخص کو دیا جاتا ہے، جسے سخت مالی دشواری کا سامنا ہو۔ اس میں قرض دار کو قرض لوٹانا لازمی نہیں ہوتا (یعنی اس کی مرضی پر منحصر ہوتا ہے) اس کے باوجود آگے چل

کر اس کے حالات بدل جاتے ہیں اور وہ مالی طور پر مستحکم ہوجاتا ہے،تو پھر یہ اس کی اخلاقی ذمہ داری بن جاتی ہے کہ وہ ایسا قرض واپس لوٹائے۔

### 7۔ دَین Dain

دین کی تعریف بھی قرض (غیر سودی) ہی ہے۔ اس میں قرض دار پر لازم ہوتا ہے کہ وہ یہ قرض دونوں فریقوں کے درمیان طے شدہ معاہدے کے مطابق واپس لوٹائے۔ یہ قرض لی ہوئی رقم واپس لوٹانے اور وقت پر اپنا قول پورا کرنے کا ایک عہد ہے۔

### 8۔ بیع سلّم Bai-Salam

یہ کسی خاص نوعیت کی اشیاء کی فروخت سے متعلق ہے جس کی رقم پہلے (Advance) وصول کی جائے گی اور مال کی ڈیلیوری آئندہ کسی تاریخ پر ہوگی۔ اس میں فروخت کرنے والا اس بات کا پابند ہوگا کہ وہ معاہدہ کے مطابق طے شدہ خصوصیات والی اشیاء تیار کر کے مقررہ تاریخ تک مال کی ڈیلیوری دے۔ نقصان کی صورت میں فروخت کرنے والا صد فی صد (100%) اس کا ذمہ دار ہوگا۔

### 9۔ جوابازی Speculating/Gambling

ایسے معاہدے کرنا جس سے مستقبل کا منافع پکا ہوجائے یا پھر آئندہ ہونے والے فائدے کو نگاہ میں رکھ کر مستقبل کے لین دین والے معاہدے کرنا دونوں ہی طریقے جوابازی یا سٹہ کے زمرے میں آتے ہیں اور دونوں ہی اسلام میں ناجائز ہیں۔

### 10۔ ممنوع اشیاء Prohibitted Commodities

شرعی قوانین بعض اشیاء کی تجارت میں ملوث ہونے پر روک لگاتے ہیں۔ جیسے شراب، خنزیر کا گوشت اور اس کی مصنوعات، اور ایسی تمام مصنوعات جن میں ان چیزوں کے اجزاء کسی بھی شکل میں استعمال ہوتے ہوں۔ اس کے علاوہ مندرجہ ذیل امور پر شریعت توجہ دیتی ہے:

1۔ تجارتی سرگرمیوں میں حلال طریقہ

2۔ قانونی راستے / ذرائع

3۔ اخراجات میں معتدل رویہ (جس کو بہت ہی پسند کیا گیا ہے)

4۔ زکوٰۃ کے نظم سے غریبوں اور دولت مندوں کے درمیان کی خلیج دور کرنا

5۔ مالیاتی سرگرمیوں کا حسن انتظام، جیسے قرض کے دستاویزات کو شریعت اسلامیہ کے تقاضوں کے مطابق لکھنا اور اس پر گواہی لینا

6۔ تمام معاہدوں کو پورا کرنا اور کسی بھی معاہدے کی خلاف ورزی سے گریز کرنا

7۔ غلط طریقے سے فائدہ پانے کے لیے رشوت ستانی سے پرہیز کرنا
8۔ سود (ربا) کو کسی بھی معاہدہ کے تحت اختیار نہ کرنا
9۔ اجارہ داری (اشیائے ضروری کی قیمتیں نہ بڑھانا)
10۔ استحصال (Exploitation)
11۔ ممنوع فروخت (زبردستی کوئی چیز بیچنا)
12۔ دھوکہ دہی، بے ایمانی یا فراڈ جیسے ذرائع سے آمدنی حاصل کرنے پر امتناع
13۔ شارٹ سیلنگ (Short Selling) پر امتناع
14۔ غرار (کسی معاہدے میں غیر محفوظ یا مبہم انداز اور ممنوعہ اقسام کی تجارت نہ کرنا)

## 8۔ تقویٰ فنانس لمیٹیڈ (ٹی یف ایل) فیس کا خاکہ TFL Fee Structure

### 1۔ عمل Function

ٹی ایف ایل (تقویٰ فنانس لمیٹڈ) کی طرف سے اپنے تمام دفاتر / شاخوں / فرنچائزی سے ان کے ماہانہ اوسط بیلینس کی بنیاد پر رائلٹی وصول کی جائے گی۔ تمام دفاتر کو لازمی طور پر یہ رائلٹی ہر مہینے کے اختتام پر ادا کرنی ہوگی۔ اس رائلٹی کے علاوہ اضافی طور پر جس قسم کے کاروباری معاملے کا معاہدہ ہو رہا ہوگا، اس کے مطابق داخلہ فیس بھی (Cost of Entry) تقویٰ فنانس لمیٹڈ کے مرکزی دفتر (ہیڈ آفس) بھٹکل (شمالی کینرا) کرناٹک، انڈیا کے ساتھ سروس لیول اگریمنٹ SLA پر دستخط کرتے وقت ادا کرنی ہوگی۔

### 2۔ فیس کی اقسام Types of fees

جس قسم کا کاروبار عمل میں آئے گا، اسی حساب سے دفتر / شاخ / فرنچائزی کے اجازت نامے (لائسنس) والے اگریمنٹ کی تفصیلات مختلف ہوں گی۔ اس کے علاوہ دوسرے فوائد جیسے تربیت (ٹریننگ)، صحیح مقام کی تلاش، اور آلات (Equipments) وغیرہ کے بارے میں الگ سے حساب اضافی قیمت کے طور پر جوڑا جا سکے گا۔ جو طے پانے والے معاہدوں کی بنیاد پر پروسیسنگ فیس میں شامل ہوں گے۔

پروسیسنگ فیس عموماً نیا دفتر شروع کرنے کے لیے صرف ایک بار ادا کی جانے والی فیس ہے۔ دفتر چلانے کی اجازت دینے والا (Franchiser) اپنی رائلٹی کے بطور سالانہ 2% سے 3% تک جملہ Liabilities پر فلیٹ فیس (Flat Fees) باقاعدگی کے ساتھ وصول کرے گا۔ اس کے علاوہ سرمایہ کاری اور منصوبوں کے مطابق دیگر فیس بھی وصول کی جائے گی۔

فرنچائزر کی جانب سے کی گئی ملکی یا علاقائی سطح پر اشتہار بازی کی رقم کو بھی حساب میں شامل کیا جاسکتا ہے، جس سے تمام دفاتر/ شاخوں/ فرنچائزیز کو فائدہ پہنچتا ہو۔ یہ جو فیس ہوگی وہ معاملے کے فریقوں کے درمیان ہونے والے جاری اخراجات (Running Costs) کا حصہ ہوگی۔

### 3۔ اہمیت Significance

یہ جو کاروبار کا حق (Franchise) دینے کی فیس ہے اس سے فرنچائزر کو ان مصنوعات اور خدمات پر کوالٹی کنٹرول کرنے کا موقع ملتا ہے جو گاہکوں کو پیش کی جانے والی ہوتی ہیں، جن کے قانونی حقوق کی پاسداری اور مکمل تحفظ کے لیے ٹی ایف ایل بالواسطہ طور پر قانونی ضرورت کے تحت کاربند رہے گا۔

### 4۔ سافٹ ویئر فراہمی کی قیمت اور انتظامی فیس

### Software Installation and Maintenance Fee

تقویٰ اپنے تمام دفاتر سے یہ رقم وصول کرے گا۔ اسلامک بینک سافٹ جو کہ کلیدی اسلامی بینکنگ کا سافٹ ویئر ہے اسے Install کرنے کے لیے تقویٰ اپنی ابتدائی دس شاخوں سے یہ فیس مندرجہ ذیل خاکے کے مطابق قیمت وصول کرے گا:۔

| تفصیل | ایک بار لی جانے والی قیمت |
|---|---|
| 1- مرکزی دفتر | مرکزی دفتر کے لیے کوئی اضافی قیمت نہیں |
| 2- ہر دفتر / شاخ / فرنچائزی کے لیے لائسنس فیس جو ایک بار لی جائے گی | 1,00,000 روپے |
| 3- ہر دفتر کے سافٹ کا ماہانہ انتظامی خرچ | 5,000 روپے |
| 4- کلاؤڈ بیک اَپ | 5,000 روپے |

نوٹ: 1۔ انوائس بناتے وقت جو بھی ٹیکس لاگو ہونگے وہ اس کے علاوہ ہوں گے۔
2۔ عمل درآمد کے اخراجات ہر مقام کے اعتبار سے اضافی ہوں گے۔
3۔ ٹریننگ فارساس ماڈل (کلاؤڈ) کی تربیت تقویٰ کے مرکزی دفتر میں فراہم کی جائے گی۔
4۔ ضروری ہارڈ ویئر اور سسٹم سافٹ ویئر ان کے استعمال کرنے والے (End-user) کو حاصل کرنا ہوگا۔
5۔ ضروری ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر کی تفصیلات Specifications پروسیس ویئر سسٹم بنگلور کی جانب سے مہیا کی جائیں گی۔

## 9 روابطے اور خدمات Links & Services

### دیگر خدمات Other Services

مندرجہ بالا مالیاتی شعبوں کے علاوہ ہم اپنے گاہک کو مندرجہ ذیل خدمات فراہم کرتے ہیں:

1۔ سیف ڈپازٹ لاکر

2۔ ڈیمانڈ ڈرافٹ/ سوفٹ میسیجس (DD/Swift Messages)

3۔ کریڈٹ کارڈ کے لیے بقایاجات کی ادائیگی

4۔ اگلی تاریخ والے (Post Dated) چیکس کا اہتمام کرنا

5۔ اسٹانڈنگ انسٹرکشنس

### فلاحی خدمات Welfare Services

محروم اور مستحق افراد کی امداد کے لیے تقویٰ دیگر بہت سے اداروں کے ساتھ مل کر خدمات انجام دیتا ہے۔ آپ بھی اپنے علاقے میں موجود لاکھوں لوگوں کے مصائب دور کرنے اور مجبوروں کی ضروریات پورا کرنے میں معاون ہو سکتے ہیں۔ آپ ہمارے یہاں موجود اپنے اکاؤنٹ سے اپنی پسند کے کسی بھی ضرورت مند کو باقاعدگی کے ساتھ عطیہ دینے کے لیے ہمیں خاص ہدایات ہمیشہ کے لیے دے سکتے ہیں۔
یاد رکھئے! خیرات سے مال میں اضافہ ہوتا ہے اور سود مال میں خسارہ کا باعث بنتا ہے۔

### سرکاری اور عوامی زمرے Government & Public Sector

تقویٰ کا یہ یقین ہے کہ وہ سرکاری ترقیاتی منصوبوں پر عمل پیرائی کے سلسلے میں جہاں بھی ممکن ہو سرکاری اور عوامی محکمہ جات کے ساتھ معاونت کرنے میں کلیدی رول ادا کرسکتا ہے۔
تقویٰ کا طریقہ کار بینک کاری کے اس میدان میں کام کرتے ہوئے بالکل صاف اور شفاف رہے گا۔ اور اس کی تمام سرگرمیوں کا دارومدار پوری طرح شریعت کے تابع ہوگا۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ قائم کریں:
دفتر: 22288 83852 91+
موبائل: 7247894 97150+ or 9945447788 91+
ویب سائٹ: www.taqwasociety.com

# نوٹس (Notes)